11-05-2024

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں اسلم بیگ

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1 لوک سبھا انتخابات کے چوتھے مرحلے کیلئے چنائو مہم آج شام ختم ہوجائے گی۔ اڈیشہ میں پہلے مرحلے اور آندھراپردیش میں واحد مرحلے کے اسمبلی انتخابات کیلئے بھی چنائو مہم آج شام ختم ہوجائے گی۔

2 چیف آف ڈیفنس اسٹاف جنرل انل چوہان نے کہا ہے کہ مسلح فوجوں کو مربوط کرنے کے عمل میں تیزی لانے کی ضرورت ہے تاکہ کئی پہلوئوں سے کارروائی کرنے کا نظام تشکیل دیا جاسکے۔

3 بھارت نے، اقوام متحدہ میں مکمل رکنیت حاصل کرنے کی، فلسطین کی کوشش کی حمایت کرنے والے مسودۂ قرارداد کے حق میں ووٹ دیا ہے۔

4 قومی راجدھانی دلی کے کچھ علاقوں میں دھول بھری آندھی چلی اور بارش آئی۔

5 اور کھیلوں میں نِشا دَہیا پیرس اولمپکس کے لیے کشتی میں کوالیفائی کرنے میں پانچویں بھارتی خاتون کھلاڑی بن گئی ہیں۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

Campaigning

تلنگانہ میں لوک سبھا انتخابات کیلئے چنائو مہم آج شام ختم ہو جائے گی۔ ریاست کے انتخابی افسران نے خوش اسلوبی اور پُرامن طریقے سے ووٹ ڈالنے کے عمل کو یقینی بنانے کیلئے سبھی انتظامات کی اپنی کوششیں تیز کردی ہیں۔ سیاسی پارٹیوں کی طرف سے درخواست کئے جانے کے بعد انتخابی کمیشن نے 17 لوک سبھا سیٹوں کے ، 119 اسمبلی حلقوں میں سے زیادہ تر پر، ووٹ ڈالنے کے وقت میں ایک گھنٹے کا اضافہ کردیا ہے۔

اعلیٰ انتخابی افسر وکاس راج نے، سینئر افسران کے ساتھ انتظامات کا جائزہ لیا اور انہیں ہدایت دی کہ وہ، اب جبکہ پولنگ میں محض 72 گھنٹے باقی رہ گئے ہیں، اِس دوران زیادہ سے زیادہ ووٹروں کو شامل کرنے کی پوری پوری کوشش کریں اور مشاہدین، متعلقہ افسران کے ساتھ، اخراجات کے تئیں مخدوش علاقوں میں رات کے وقت اچانک معائنہ بھی کریں جہاں شراب جیسے تحفوں کی تقسیم کا اندیشہ ہے۔

MP Campaigning

مدھیہ پردیش میں لوک سبھا انتخابات کے چوتھے اور آخری مرحلے کے تحت آٹھ لوک سبھا پارلیمانی حلقوں میں، پیر کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔ اِن سبھی حلقوں میں چنائو مہم آج شام چھ بجے ختم ہوجائے گی۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

VC- Sanjeev Sharma

مدھیہ پردیش میں اِس مرحلے کے تحت ووٹنگ 13 مئی کو آٹھ لوک سبھا حلقوں میں کرائی جائے گی۔ جن کے نام اِس طرح ہیں۔ دیواس، اجین، مندسور، رتلام، دَھر، اندور، کھرگون اور کھنڈوا۔ چوتھے مرحلے کے تحت مدھیہ پردیش کے مالوا نِمَر خطے میں چنائو مہم زور شور سے جاری ہے۔ BJP سے وابستہ وزیر اعلیٰ ڈاکٹر موہن یادو، رتلام اور اندور میں چنائو مہم میں حصہ لیں گے۔ ریاست کے بی جے پی صدر وی ڈی شرما، دیواس اور دَھر میں نیز سابق وزیر اعلیٰ شیو راج سنگھ چوہان اجین میں چنائو مہم میں حصہ لیں گے جبکہ سینئر کانگریس رہنما دِگ وجے سنگھ، سنجے کپور، ریاستی کانگریس صدر جیتو پٹواری اور دیگر پارٹی رہنما کانگریس امیدواروں کے حق میں چنائو مہم کی قیادت کررہے ہیں۔

Telangana Campaign

تلنگانہ میں لوک سبھا انتخابات کیلئے چنائو مہم آج شام ختم ہو جائے گی۔ ریاست کے انتخابی افسران نے خوش اسلوبی اور پُرامن طریقے سے ووٹ ڈالنے کے عمل کو یقینی بنانے کیلئے سبھی انتظامات کی اپنی کوششیں تیز کردی ہیں۔ سیاسی پارٹیوں کی طرف سے درخواست کئے جانے کے بعد انتخابی کمیشن نے 17 لوک سبھا سیٹوں کے ، 119 اسمبلی حلقوں میں سے زیادہ تر پر، ووٹ ڈالنے کے وقت میں ایک گھنٹے کا اضافہ کردیا ہے۔

اعلیٰ انتخابی افسر وکاس راج نے، سینئر افسران کے ساتھ انتظامات کا جائزہ لیا اور انہیں ہدایت دی کہ وہ، اب جبکہ پولنگ میں محض 72 گھنٹے باقی رہ گئے ہیں، اِس دوران زیادہ سے زیادہ ووٹروں کو شامل کرنے کی پوری پوری کوشش کریں اور مشاہدین، متعلقہ افسران کے ساتھ، اخراجات کے تئیں مخدوش علاقوں میں رات کے وقت اچانک معائنہ بھی کریں جہاں شراب جیسے تحفوں کی تقسیم کا اندیشہ ہے۔

UP Lok Sabha

لوک سبھا انتخابات کے دوران ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے اہم حلقوں کا خاکہ پیش کیے جانے کی اپنی سیریز کے تحت آج ہم اترپردیش کے رائے بریلی لوک سبھا حلقے کے بارے میں رپورٹ پیش کر رہے ہیں۔

لوک سبھا انتخابات کے پانچویں مرحلے میں 20 مئی کو اترپردیش کی 14سیٹوں پر پولنگ ہوگی۔ اس میں رائے بریلی کی اہم سیٹ بھی شامل ہے۔ نہرو گاندھی خاندان کا مضبوط گڑھ تصور کی جانے والی اس سیٹ پر کانگریس نے 17 بار کامیابی حاصل کی ہے۔ اس بار کانگریس کے سابق صدر راہل گاندھی اس سیٹ سے انتخاب لڑ رہے ہیں۔

دوسری طرف بھارتیہ جنتا پارٹی نے ریاست حکومت میں وزیر دنیش پرتاپ سنگھ کو امیدوار بنایا ہے۔

ٹھاکر پرساد یادو، بہوجن سماج پارٹی سے انتخاب لڑ رہے ہیں۔ ان کے علاوہ پانچ دیگر امیدوار بھی میدان میں ہیں۔

V/C Om Awasthi

رائے بریلی پارلیمانی حلقے کے تحت پانچ اسمبلی حلقے آتے یں۔ ان میں بچھرواں، ہرچند پوری، رائے بریلی، Sareni اور اونچاہار شامل ہیں۔ اس لوک سبھا حلقے میں 17 لاکھ 83 ہزار آٹھ سو 85 ووٹرز 20 مئی کو آٹھ امیدواروں کی قسمت کا فیصلہ کریں گے۔ان میں 9 لاکھ 31 ہزار ایک سو 71 مرد ووٹر، آٹھ لاکھ 52 ہزار چھ سو 78 خاتون ووٹرز اور 36 مخنث ووٹرز شامل ہیں۔ اندرا گاندھی اور سونیا گاندھی جیسی کانگریس رہنما اس سیٹ سے پارلیمنٹ پہنچی ہیں۔ کانگریس صرف تین بار اس سیٹ سے الیکشن ہاری ہے۔ اندرا گاندھی اس سیٹ سے دوبار جبکہ سونیا گاندھی لگاتار پانچ بار ایم پی رہی ہیں۔

2019کے عام انتخابات میں کانگریس اترپردیش میں صرف رائے بریلی سے ہی کامیابی حاصل کر سکی تھی۔

سونیا گاندھی کی راجیہ سبھا میں جانے کے بعد یہ اترپردیش میں گاندھی خاندان کا آخری قلعہ بچانے کی ذمہ داری راہل گاندھی پر ہے۔ اس اہم سیٹ پر راہل گاندھی کو ٹکر دینے کے لیے بی جے پی نے دوسری بار دنیش پرتاپ سنگھ کو میدان میں اتارا ہے۔ دنیش پرتاپ سنگھ 2018 میں کانگریس چھوڑ کر BJP میں شامل ہوگئے تھے۔ تمام سیاسی پارٹیوں نے اس سیٹ پر جیت کو یقینی بنانے کے لیے اپنی انتخابی مہم تیز کردی ہے۔

Tirupati Lok Sabha Profile

تروپتی آندھرا پردیش کے رائل سیما علاقے میں اہم لوک سبھا حلقوں سے ایک ہے۔ ریاست کی روحانی راجدھانی تروپتی میں اصل مقابلہ حکمراں وائی ایس آر کانگریس پارٹی اور این ڈی اے اتحاد کے درمیان ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے:

**V/C Sai Sistla, Vijaywada**

تروپتی لوک سبھا حلقے میں سات اسمبلی سیٹیں ہیں جس میں تقریباً 18 لاکھ ووٹرس ہیں اور خاتون ووٹروں کی تعداد مردوں کے مقابلے 40 ہزار زیادہ ہے۔ بھارتیہ جنتا پارٹی اور تیلگودیشم پارٹی نے ایک بار جبکہ وائی ایس آر کانگریس پارٹی نے دو بار تروپتی حلقے میں کامیابی حاصل کی ہے۔ 2024 کے عام انتخابات میں اگرچہ 23 امیدوار میدان میں ہیں لیکن اصل مقابلہ وائی ایس آر کانگریس اور این ڈی اے کے درمیان ہے۔ وائی ایس آر کانگریس پارٹی نے موجودہ ایم پی Maddila Gurumurthy کو دوبارہ میدان میں اتارا ہے۔ NDA اتحاد کے طور پر بی جے پی نے V.V.Prasad Raoکو ٹکٹ دیا ہے۔

انتخابی کمیشن دو ہزار 140 پولنگ مراکز قائم کئے ہیں اور اس کا مقصد 2021 کے ضمنی انتخابات میں ہونے والی 64 فیصد پولنگ سے زیادہ فیصد حاصل کرنا ہے۔

Gujrat Repoll

گجرات میں، آج Dahod لوک سبھا سیٹ کے تحت Prathampur  پولنگ اسٹیشن پر دوبارہ ووٹ ڈالے جارہے ہیں۔ ووٹ ڈالنے کا کام صبح سات بجے شروع ہوا جو شام چھ بجے تک جاری رہے گا۔

انتخابی کمیشن نے، مَہی ساگر ضلعے کے سنت رام پور تعلقے میں پولنگ اسٹیشن پر نئے سرے سے ووٹ ڈالنے کا حکم دیاتھا۔ یہاں لوک سبھا انتخابات کے دوسرے مرحلے کے دوران اِس ماہ کی سات تاریخ کو کرائی گئی ووٹنگ میں کچھ دھاندلیوں کی خبر ملی تھی۔ انتخابی کمیشن نے یہ فیصلہ ایک وائرل ویڈیو کی بنیاد پر موصولہ ایک شکایت کے بعد ریٹرننگ افسر کی طرف سے داخل کی گئی رپورٹ کی بنیاد پر کیا۔

اِس سلسلے میں چھ افراد کو معطل کر دیا گیا ہے جن میں پولنگ عملے کے وہ چار افراد بھی شامل ہیں جو Prathampurپولنگ بوتھ پر پولنگ کے دن ڈیوٹی پر تھے۔x

**BREAK**

**یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔**

**GONG**

Parivartan Chintan Conclude

سمسلح فوجوں کو مربوط بنانے کے لئے دو روزہ دوسرا "پریورتن چنتن" کَل نئی دلی میں اختتام پذیر ہوا۔ کانگریس کی صدارت کرتے ہوئے چیف آف ڈیفنس اسٹاف CDS جنرل انل چوہان نے اِن اقدامات کی پیشرفت میں تیزی لانے کی ضرورت پر زور دیا تاکہ اِن سے زمینی ، فضائی اور بحری منظرنامے کے تحت کارروائی کرنے، نیز بھارتی مسلح افواج کی، کئی پہلوئوں سے کارروائی کرنے کی صلاحیت میں اضافہ کیا جاسکے۔ انہوں نے دنوں دن مختلف کمیٹیوں سے خطاب کرکے  چنتن کا آغاز کیا۔

CDSچوہان نے اعتماد ظاہر کیا کہ اِس طرح کے غوروخوض سے مسلح فوجوں کو کئی پہلوئوں سے کارروائی کرنے کا اہل بنانے کیلئے، تینوں فوجوں کا منظرنامہ تیار کرنے میں مدد ملے گی نیز ہماری علاقائی سا لمیت اور قومی خود مختاری کی حفاظت کے عزم اور اہلیت میں استحکام پیدا ہوگا۔ تقریب میں فوج کی تینوں شاخوں کے ہیڈ کوارٹرز ، فوجی امور کے محکمے، مربوط دفاعی عملے کے صدر دفاتر کے افسران اور عملے کے سربراہان کی کمیٹی کی مختلف ذیلی کمیٹیوں کے ارکان نے شرکت کی۔x

Delhi High Court Brij Bhushan

دلی کی Rouse Avenue عدالت نے بھارت کی کشتی فیڈریشن WFI کے سابق صدر اور BJP کے ایم پی برج بھوشن شرن سنگھ کے خلاف الزامات طے کرنے کا حکم جاری کیا ہے۔ پانچ خواتین پہلوانوں نے ان کے خلاف جنسی استحصال کا مقدمہ درج کرایا تھا۔

ایڈیشنل چیف میٹروپولیٹن مجسٹریٹ پرینکا راجپوت نے یہ حکم صادر کیا ہے۔ اس معاملے میں باقاعدہ الزامات طے کرنے کے لئے عدالت نے اس مہینے کی 21 تاریخ مقرر کی ہے۔x

Palestine UN Resolution

بھارت نے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کی ایک قرارداد کے مسودے کے حق میں ووٹ دیا ہے۔ اِس قرارداد میں فلسطین کی طرف سے اقوام متحدہ کا مکمل رکن بننے کی فلسطین کی کوشش کی حمایت کی گئی ہے۔

193رکنی جنرل اسمبلی نے کَل ایک خصوصی ہنگامی اجلاس منعقد کیا جس میں، متحدہ عرب امارات نے، اقوام متحدہ میں فلسطین کی مکمل رکنیت کی حمایت میں، عرب گروپ کی ایک قرارداد پیش کی۔ قرارداد میں کہا گیا ہے کہ فلسطین پوری طرح اہل ہے اور اُسے اقوام متحدہ کی مکمل رکنیت میں شامل کرلینا چاہئے۔ نیز اِس بات کی سفارش کی گئی کہ سلامتی کونسل کو اِس معاملے پر اُس کے حق میں غور و خوض کرنا چاہئے۔

قرارداد کے حق میں 143 ووٹ ڈالے گئے جبکہ 9 ووٹ اِس کے خلاف ڈالے گئے۔ 25 ارکان غیر حاضر رہے۔فی الحال فلسطین، اقوام متحدہ میں غیر رکنیت والی ایک مشاہد مملکت ہے۔ فلسطین کو یہ درجہ، جنرل اسمبلی کی طرف سے 2012 میں دیا گیا تھا۔

بھارت پہلا غیر عرب ملک ہے جس نے 1974 میں فلسطین لبریشن آرگنائزیشن کو، فلسطینی عوام کا واحد اور قانونی نمائندے کے طورپر تسلیم کیا تھا۔ بھارت ایسا ملک بھی ہے جس نے 1988 اور 1996 میں فلسطینی مملکت کو تسلیم کیا تھا۔x

Kuwait Parliament Dissolved

کویت کے امیر شیخ مشعل الاحمد الصباح نے پارلیمنٹ کو تحلیل کئے جانے اور چار سال تک کیلئے آئین کو جزوی طور پر معطل کرنے کا اعلان کیا ہے۔ انہوں نے یہ قدم، سیاسی بحران کے نام پر اٹھایا ہے۔ کَل ٹیلی ویژن پر اپنے ایک خطاب میں امیر نے کہا کہ حالیہ بحران کے سبب انہیں ملک کے مفادات کی حفاظت کیلئے یہ قدم اٹھانا پڑا ہے۔

پچھلے مہینے خلیج کے اِس ملک میں، چوتھی بار انتخابات کرائے گئے تھے جن میں پچھلی پارلیمنٹ کے 46 میں سے 39 ارکان کو برقرار رکھا گیا تھا۔ امیر نے اعلان کیا کہ آئین کی معطلی کی مدت کے دوران، جمہوری عمل کے تمام پہلوئوں کا پوری طرح جائزہ لیا جائے گا۔

کویت کے آئین کے مطابق کوئی نئی حکومت، انتخابات کرائے جانے کے دو ہفتے کے اندر اندر تشکیل دے دی جانی چاہئے۔

البتہ منتخبہ پارلیمنٹ اور مقررہ وزیر اعظم کے درمیان کشیدگی سے، 4 اپریل سے سرکار کی اِس تشکیل میں رخنہ پیدا ہوا ہے۔ 15 اپریل کو شیخ مشعل نے ، شیخ احمد عبداللہ الاحمد الصباح کو وزیر اعظم کے طور پر مقرر کیا تھا اور انہیں نئی حکومت تشکیل دینے کا کام سونپا تھا۔ شیخ مشعل نے جنھوں نے دسمبر میں اپنے سوتیلے بھائی کی جگہ لی تھی، پچھلی پارلیمنٹ کو تحلیل کردیا تھا۔ انہوں نے ایک قانون ساز رکن کی طرف سے ایسی رائے زنی

کے بعد پارلیمنٹ کو تحلیل کیا تھا جو غیر آئینی سمجھی جاتی ہے اور پارلیمنٹ نے اُنہیں ملامت کرنے سے انکار کردیا تھا۔x

Afghanistan Flash Flood

افغانستان کے شمالی علاقے میں اچانک سیلاب میں کم سے کم 50 افراد ہلاک اور 100 سے زیادہ زخمی ہوگئے۔طالبان اہلکاروں کے مطابق موسلا دھار بارش کی وجہ سے کَل، بغلام صوبے میں پانچ ضلعے متاثر ہوئے۔

بغلان میں قدرتی آفات سے نمٹنے والے محکمے کے صوبائی ڈائرکٹر ہدایت اللہ ہمدرد نے کہا کہ مرنے والوں کی تعداد، ابتدائی طور پر بتائی گئی ہے جس میں اضافہ بھی ہوسکتا ہے کیونکہ بہت سے لوگ لاپتہ ہیں۔طالبان اہلکاروں نے بتایا کہ 150 سے زیادہ لوگ ملبے میں دبے ہیں اور انہیں فوری مدد کی ضرورت ہے۔ ملک میں پچھلے کچھ ہفتوں میں اتنی زیادہ بارش ہوئی ہے جس کی پہلے کوئی مثال نہیں ملتی۔ بارش کے سبب سیلاب آگیا جس میں وسط اپریل سے اب تک تقریباً 100 لوگ ہلاک ہوچکے ہیں۔x

IMD Weather

کئی دن کی شدید گرمی کے بعد دلی اور قومی راجدھانی خطہ NCR میں کَل دیر شام گردو غبار سے بھری ایک زبردست آندھی آئی۔ شہر میں ہوا کی رفتار فی گھنٹہ 50 کلومیٹر تھی۔ اس کے نتیجے میں کئی درخت گر گئے اور بڑی شاخیں ٹوٹ کر نیچے آگئیں۔ جس کے سبب ٹریفک میں رخنہ پڑا۔ خراب موسم کی وجہ سے دو پروازوں کو جے پور کی طرف موڑنا پڑا۔ IMD کی طرف سے جاری کی گئی ایک ایڈوائزری میں عوام پر زور دیا گیا ہے کہ وہ گھروں میں رہیں اور غیر ضروری سفر سے گریز کریں۔ اس ہفتے دلّی میں سیزن کا سب سے زیادہ درجہ حرارت 42 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

اس دوران بھارتی محکمۂ موسمیات  IMDنے پیر تک ملک کے وسطی، مشرقی اور جنوبی جزیرائی خطے میں بارش کے ساتھ آندھی طوفان، گرج چمک اور غبار آلود ہوائیں چلنے کی پیش گوئی کی ہے۔ IMD نے کہا ہے کہ مغربی بنگال اور سکم میں کل تک کہیں کہیں اور دور دور تک آندھی طوفان، گرج چمک اور 40 سے 50 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے ہوائیں چلنے کے ساتھ ہلکی سے اوسط درجے کی بارش کا قوی امکان ہے نیز اتوار تک بہار اور جھارکھنڈ میں دور دراز کے مقامات پر کہیں کہیں آندھی طوفان، گرج چمک اور غبارآلود ہوائوں کے ساتھ بارش کی پیشگوئی کی ہے۔

محکمۂ موسمیات نے آج مغربی بنگال کے گنگائی خطے میں اور اوڈیشہ میں کل تک دور دراز کے مقامات پر شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔

Nisha Dahiya Olympic Seat

خواتین کُشتی میں Nisha Dahiya پیرس اولمپک کے لیے کوالیفائی کرنے والی پانچویں بھارتی خاتون کھلاڑی بن گئی ہیں۔ انھوں نے کل استنبول میں عالمی اولمپک کوالیفائرز میں 68 کلوگرام زمرے کے سیمی فائنلز میں رومانیہ کی Alexandra Anghel کو ہرایا۔

پچھلے سال ایشیائی چیمپئن شپ میں چاندی کا تمغہ حاصل کرنے والی نِشا نے Anghel کو آٹھ چار سے ہرایا تھا۔تاہم بھارت کے Greco Roman پہلوان سبھی چھ زمروں میں ابتدائی مرحلے میں ہی ہار گئے۔

یہ پہلی بار ہوگا کہ پانچ بھارتی خاتون پہلوان اولمپک میں مقابلہ کریں گی۔ Antim Panghal ، Vinesh Phogat، انشو ملک اور ریتیکا ہڈّا نے اس مقابلے کے لیے پہلے ہی جگہ بنالی ہے۔

IPL Cricket

IPLکرکٹ میں کل رات احمد آباد میں کھیلے گئے ایک میچ میں گجرات ٹائٹنس نے چنئی سپر کنگس کو 35 رن سے ہرا دیا۔

پہلے بلے بازی کرتے ہوئے گجرات ٹائٹنس نے مقررہ 20 اوورس میں 3 وکٹ پر 231 رن بنائے۔ کپتان شُبھ مَن گِل نے 55 گیندوں پر 104 رن بنائے جبکہ سائی سدرشن نے 54 گیندوں پر 103 رن بنائے۔ گجرات کی طرف سے ان دونوں بلے بازوں نے سب سے زیادہ رن بنائے۔

جواب میں دفاعی چمپئن چنئی سپر کنگس جیت کے لئے مقررہ 232 رن کے ہدف کو حاصل نہیں کرسکی۔ اس نے مقررہ 20 اوورس میں 8 وکٹ پر 196 رن بنائے۔ Daryl Mitchell نے 34 گیندوں پر 56 رن بنائے۔

گجرات کی طرف سے موہت شرما نے 3 وکٹ لئے۔ شُبھ مَن گِل کو میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔

آج شام کولکتہ کے ایڈن گارڈن میں کولکتہ نائٹ رائڈرس کا مقابلہ ممبئی انڈینس سے ہوگا.x

**یہ خبریں ہماری ویب سائٹ news on air.com slash urdu: پر بھی دستیاب ہیں۔**

**GONG**

PRESS COMMENTS,

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ...فہیم احمد

شکریہ - اسلم بیگ

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے سبھی اردو اخباروں نے دلی کے وزیراعلی اروند کیجریوال کو سپریم کورٹ سے عبوری ضمانت ملنے کی خبر کو شہ سرخی بنایاہے۔ اس سلسلے میں اخبار ملاپ کی شہ سرخی ہے کیجریوال کو ملی عبوری ضمانت، سپریم کورٹ کا اہم فیصلہ، 2 جون کو خود سپردگی کرنے کی ہدایت۔ روزنامہ راشٹریہ سہارا نے چھتیس گڑھ کے بیجاپور میں سکیورٹی فورسز کے ساتھ تصادم میں 12 مائو نوازوں کی ہلاکت کی خبر کو

پہلے صفحے پر جگہ دی ہے۔ اخبار انقلاب نے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی میں فلسطین کو مکمل رکنیت دینے کی قرارداد منظور ہونے کو پہلی خبر بنایا ہے۔ ہندوستان ایکسپریس کی ایک اہم خبر ہے۔ نریندر دابھولکر قتل کیس میں دو مجرموں کو عمر قید، خصوصی عدالت سے تین بری۔ بیشتر اخباروں نے لوک سبھا کے چوتھے مرحلے کے انتخابات کے لیے 96 سیٹوں پر 13مئی کو ہونے والی پولنگ کی خبر کو بھی نمایاں طور پر شائع کیا ہے۔

اخبارات نے وزیر خارجہ ایس جے شنکر کے اس بیان کو اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے کہ پوری دنیا میں تنازعات، جنگ اور سیاسی اتھل پتھل کا دور، دنیا کی کئی طاقتیں امریکہ کے برابر آر رہی ہیں، بھارت میں مستحکم قیادت ضروری۔

اخبارات کی دیگر اہم بین الاقوامی خبریں اس طرح ہیں:

- غزہ پٹی میں کوئی جگہ محفوظ نہیں، رفح سے فلسطینی شہریوں کا انخلا۔
- فلسطین ریاست کو تسلیم کرنے کے لیے آئر لینڈ، اسپین اور ناروے نے رابطے تیز کیے۔
- امریکہ میں پولیس نے ایئر فورس کے سیاہ فام اہلکار کو گولی مارکر قتل کردیا۔

**آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر**

1 لوک سبھا انتخابات کے چوتھے مرحلے کیلئے چنائو مہم آج شام ختم ہوجائے گی۔ اڈیشہ میں پہلے مرحلے اور آندھراپردیش میں واحد مرحلے کے اسمبلی انتخابات کیلئے بھی چنائو مہم آج شام ختم ہوجائے گی۔

2 چیف آف ڈیفنس اسٹاف جنرل انل چوہان نے کہا ہے کہ مسلح فوجوں کو مربوط کرنے کے عمل میں تیزی لانے کی ضرورت ہے تاکہ کئی پہلوئوں سے کارروائی کرنے کا نظام تشکیل دیا جاسکے۔

3 بھارت نے، اقوام متحدہ میں مکمل رکنیت حاصل کرنے کی، فلسطین کی کوشش کی حمایت کرنے والے مسودۂ قرارداد کے حق میں ووٹ دیا ہے۔

4 قومی راجدھانی دلی کے کچھ علاقوں میں دھول بھری آندھی چلی اور بارش آئی۔

5 اور کھیلوں میں نِشا دَہیا نے، خواتین کی کُشتی میں، بھارت کیلئے چوتھے اولمپک مقابلوں میں جگہ بنا لی ہے۔

**اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔**

------------------------------------